کی یاد کرو۔ | (پارہ:5،نساء:103)

ایک قول کے مطابق یہاں نماز سے پانچوں فرض نمازیں مراد ہیں، یعنی جب تم نماز پڑھ لو تو اس کے بعد بھی اللہ پاک کے ذِکر میں مشغول رہو اس ذِکر میں حمد، تسبیح، تکبیر، تہلیل، تلاوتِ قرآن وغیرہ ہر طرح کا ذکر شامل ہے۔[1]

## نماز کے بعد آیۃ الکرسی، سورۃ الاِخلاص اور تسبیح فاطمہ پڑھنے کے فضائل

**آیۃ الکرسی پڑھنے کے فضائل:** ❁ نماز کے بعد آیۃُ الکرسی پڑھنے والا اگلی نماز تک اللہ پاک کے ذمۂ کرم میں رہتا ہے۔[2] ❁ ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی پڑھنے والا اللہ پاک کی راہ میں لڑنے والے کی طرح ہے۔[3] ❁ ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی پڑھنے والا مرنے کے فوراً بعد جنت میں داخل ہو گا۔[4]

**سورۃُ الاِخلاص پڑھنے کے فضائل:** ❁ ہر نماز کے بعد 10 بار سُورۃُ الاِخلاص پڑھنا اللہ پاک کی رضا اور مغفرت لازِم فرمادیتا ہے۔[5] ❁ ہر نماز کے بعد سُورۃُ الاِخلاص پڑھنے والا مرنے کے فوراً بعد جنت میں داخل ہو گا۔[6] ❁ ایک بار سورۃُ الاِخلاص پڑھنا تہائی (*One Third*) قرآن پڑھنے کے برابر ہے[7] ❁ 10 بار سُورۃُ الاِخلاص پڑھنے والے کے لیے جنت میں ایک محل بنایا جاتا ہے، 20 بار پڑھنے والے کے لیے 2 محل بنائے جاتے ہیں، اور 30 بار پڑھنے والے کے لیے 3 محل بنائے جاتے ہیں۔[8]

---

1 ... تفسیر نعیمی، پارہ:5، سورۃ النساء، زیر آیت:103، جلد:5، صفحہ:430، ملخصًا۔
2 ... معجم کبیر، جلد:2، صفحہ:213، حدیث:2667-
3 ... کنز العمال، کتاب الاذکار، جلد:1، جز:1، صفحہ:284، حدیث:2574، ماخوذاً۔
4 ... معجم کبیر، جلد:4، صفحہ:260، حدیث:7408-
5 ... کنز العمال، کتاب الاذکار، جلد:1، جز:1، صفحہ:298، حدیث:2729-
6 ... معجم کبیر، جلد:4، صفحہ:260، حدیث:7408-
7 ... بخاری، کتاب فضائل القرآن، باب فضل قل ھو اللہ احد، صفحہ 1297، حدیث:5015، ملخصًا۔
8 ... مشکاۃ المصابیح، کتاب فضائل القران، جلد:1، صفحہ:669، حدیث:2185-

**تسبیحِ فاطمہ پڑھنے کے فضائل:** ہر نماز کے بعد تسبیحِ فاطمہ پڑھنے والا خسارے میں نہیں رہتا۔[1] ❁ ہر نماز کے بعد تسبیحِ فاطمہ پڑھنے والے کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔[2]

## نماز کے بعد ذکر کرنے کے متعلق احکام

(1): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، سُورۃُ الِاخلاص اور تسبیحِ فاطمہ پڑھنا مستحب ہے۔[3]
(2): جن نمازوں کے بعد سنتیں اور نوافل ہیں ان میں فرضوں اور سنّتوں میں زیادہ وقفہ کرنے سے سنتوں کا ثواب کم ہو جاتا ہے، لہٰذا ظہر، مغرب اور عشا میں طویل اذکار سنتیں اور نوافل ادا کرنے کے بعد پڑھے جائیں۔[4] (3): احادیث میں جن وظائف کی مخصوص تعداد ذکر کی گئی ہے ان کو اتنی ہی تعداد میں پڑھا جائے کہ اس کے پڑھنے کی جو فضیلت آئی ہے وہ اسی تعداد کے ساتھ خاص ہے۔[5]

## نماز کے بعد وظائف پڑھنے کی عادت بنانے کے طریقے

❁ ذکر اللہ ذکر بالخصوص آیۃُ الکرسی، سُورۃُ الِاخلاص اور تسبیحِ فاطمہ پڑھنے کے فضائل وفوائد ذہن میں رکھیے ❁ نماز پڑھ کر فوراً مسجد سے نکلنے کی بجائے کچھ وقت مسجد میں ہی بیٹھ کر تسبیحِ فاطمہ پڑھیے ❁ ہر روز اپنا جائزہ لیجئے کہ آج کتنی نمازوں کے بعد تسبیحِ فاطمہ و آیۃُ الکرسی پڑھی، جائزہ لینے کا بہترین طریقہ نیک اعمال کا رسالہ پُر کرنا ہے۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر:5 کے مطابق **پانچوں نمازوں کے بعد وظائف پڑھنے** کے عنوان پر مفید ترین معلومات حاصل کیں، نیت کیجئے روزانہ ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، سُورۃُ الِاخلاص

---

1 ...مسلم، کتاب المساجد...الخ، باب استحباب الذکر...الخ، صفحہ:219، حدیث:596-
2 ...مسلم، کتاب المساجد...الخ، باب استحباب الذکر...الخ، صفحہ:219، حدیث:597-
3 ...الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الصلاۃ، باب الصفۃ الصلاۃ، جلد:2، صفحہ:302-
4 ...الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الصلاۃ، باب الصفۃ الصلاۃ، جلد:2، صفحہ:300- 301-
5 ...بہارِ شریعت، جلد:1، صفحہ:539-

